بسم اللہ الرحمن الرحیم
اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ
عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

فون ۳۴۹

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily
ALFAZL
RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

بروز بدھ

قیمت فی پرچہ ۱۵ پیسے

جلد ۶۲/۲۷ | ۲۰ شعبان ۱۳۹۳ھ ۔ ۱۹ تبوک ۱۳۵۲ھش ۔ ۱۹ ستمبر ۱۹۷۳ء | نمبر ۲۱۲

"امید ہے ربوہ میں ہر طرح خیریت ہو گی"

حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ کا سید مسعود احمد صاحب کے نام تازہ مکتوب گرامی

لندن سے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا جو تازہ مکتوب گرامی رقم فرمودہ ۱۱ تبوک ۱۳۵۲ ہش (مطابق ۱۱ ستمبر ۱۹۷۳ء) ربوہ میں حضور کے پرائیویٹ سیکرٹری مکرم سید میر مسعود احمد صاحب کے نام موصول ہوا ہے اس میں حضور نے رقم فرمایا ہے:۔

"امید ہے کہ ربوہ میں ہر طرح خیریت ہو گی میری طبیعت خدا کے فضل سے اچھی ہے"

احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور ایدہ اللہ کو ہر طرح صحت و عافیت سے رکھے اور حضور کے اس للّٰہی سفر کو غیر معمولی اور بے انداز برکتوں سے نوازے۔ آمین۔

اخبار احمدیہ

راولپنڈی۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی آنکھوں کے علاج کے سلسلہ میں آج کل راولپنڈی میں قیام فرما ہیں۔ راولپنڈی سے آمدہ اطلاع مظہر ہے کہ سر درد اور چکروں کی تکلیف کی وجہ سے آپ کی طبیعت ناساز ہے احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کو صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے اور آپ کی عمر میں بہت برکت ڈالے آمین۔

رپورٹ نمبر ۳۳

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کے سفر یورپ کے اہم کوائف

"دنیا میں اسلامی انقلاب شروع ہو چکا ہے اس کی بنیاد اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے"

پریس کانفرنس میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اعلان حق

پاکستان کے سیلاب زدگان کے لئے امداد کی اپیل

(محترم پروفیسر چوہدری محمد علی صاحب۔ ایم اے)

زیورک ۱۵ اگست۔ آج کا سارا دن حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بے حد مصروف رہے۔ پہلے احباب اور بہنوں کو ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ پھر حالیہ دورہ کے باقی ماندہ حصے کے متعلق حضور نے مشورہ طلب فرمایا۔ ایک ملک کے VISAS یعنی داخل ہونے کے لئے اجازت نامے کے سلسلے میں ضروری تیاری کی گئی۔

وسیع پیمانے پر دعوت طعام اور پریس کانفرنس

شام کو زیورک مشن کی طرف سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی تشریف آوری کی مبارک تقریب پر وسیع پیمانے پر دعوت طعام دی گئی جس کے بعد پریس کانفرنس ہوئی۔ پریس کانفرنس میں شامل ہونے والے نصف درجن سے زائد نمائندگان بھی دعوت میں شریک ہوئے۔ ان کے علاوہ ایک ملک کے سفیر کبیر مع بیگم صاحبہ اور سیکنڈ سیکرٹری محترم ڈاکٹر فرانز بریر (FRANZ BRRER) اعزازی جرمنی کونصل جنرل۔ پروفیسر ڈاکٹر کرسٹاف برگل (CHRISTOPH BRUGEL) صدر شعبہ اسلامیات برن (BERN) یونیورسٹی سوئٹزرلینڈ۔ محترم ڈاکٹر امام عزالدین حسن اور محترم ڈاکٹر امام اسماعیل حسن مسٹر ایچ کامل سلیمان از سعودی عرب بھی تشریف لائے اور دعوت میں شریک ہوئے۔ دعوت میں مستورات کے لئے الگ انتظام تھا۔ دعوت سے قبل اور دوران حضور نے اسلام کے محاسن نہایت درجہ حسن و خوبی کے ساتھ بیان فرمائے (حضور کے ارشادات خاص انتظام کے ذریعے مستورات کے کمرے میں بھی لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ سنے گئے) دعوت کے بعد پریس کانفرنس میں بھی مہمان حضرات تشریف فرما رہے۔ اور پریس کانفرنس کے سوال و جواب سے مستفید اور محظوظ ہوتے رہے

. . . .

پریس کانفرنس میں سوال جرمن اور انگریزی زبان میں کئے گئے حضور نے جوابات انگریزی زبان میں دیئے جن کا جرمن زبان میں ساتھ ساتھ ترجمہ کرنے کی سعادت محترم شیخ ناصر احمد صاحب کے حصے میں آئی یہ پریس کانفرنس کم و بیش ڈیڑھ گھنٹے کے عرصہ تک جاری رہی

پریس کانفرنس کی مختصر روداد

کانفرنس کی مختصر روداد درج ذیل ہے۔

سوال: دنیا میں کتنے احمدی مسلمان ہو گئے

جواب: ہم نے کبھی مردم شماری تو نہیں کروائی اندازاً ایک کروڑ ہوں گے۔

سوال: کیا آپ کا مقصد یورپ کے سارے عیسائیوں کو مسلمان بنانا ہے

جواب: یورپ میں عیسائی رہ ہی کتنے گئے ہیں جن کو مسلمان بنایا جائے۔ (اس پر خوب قہقہہ بلند ہوا)

پھر فرمایا ہمارا مقصد یہ ہے کہ اسلام کا پیغام نہ صرف یورپ بلکہ ساری دنیا کے ہر فرد تک پہنچ جائے۔

سوال: کیا آپ نے کمیونسٹ ممالک میں مشن قائم کرنے کی کوشش کی ہے۔

جواب: بعض کمیونسٹ ممالک میں جہاں ایک حد تک مذہبی آزادی ہے کچھ احمدی مسلمان ہیں۔ بعض ممالک میں ہم نے مبلغ بھجوائے تھے لیکن ان کو تبلیغ اسلام کی اجازت نہیں ملی۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ اسلام کی سچائی سے وہ لوگ ڈرتے ہیں اس لحاظ سے یہ امر بے حد دلچسپ اور اہم ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بشارت دی ہے آپ نے ایک رؤیا میں رشیا (RUSSIA) میں اپنی جماعت کو بڑی کثرت سے دیکھا جیسے ریت کے ذرات ہوں۔

اسلام اور کمیونزم

حضور نے اس ضمن میں کمیونزم اور اسلام کا تقابلہ کرتے ہوئے کمیونزم کے بنیادی نعرے کا تجزیہ فرمایا جس میں ہر شخص کو اس کی ضرورت کے مطابق مہیا کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے فرمایا نعرہ تو لگا دیا لیکن اصل اور بنیادی یعنی ضرورت کی تعریف نہیں کی۔ حضور نے تفصیل کے ساتھ اسلام کا پیش کردہ صحیح اور واضح حل پیش فرمایا جس سے حاضرین نے اتفاق کیا۔

سوال: آپ کن علاقوں میں مسجدیں بنانا چاہتے ہیں

جواب: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم اپنی نمازیں کسی جگہ بھی ادا کر سکتے ہیں۔ خواہ کھلا میدان ہو یا کوئی عمارت ہو مسلمان کے لئے ساری زمین ایک مسجد ہے (باقی صفحہ ۷ پر)

پبلشر: مسعود احمد۔ پرنٹر: سید عبدالحی۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت۔ دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۱۹ تبوک ۱۳۵۲ھ ش

اِس زمانہ کا سب سے بڑا روگ

اِس زمانہ کا سب سے بڑا روگ جس نے دنیا کے ہر علاقہ میں انفرادی اور قومی سطح پر۔ نیز دنیا بھر میں بین الاقوامی سطح پر فسادِ عظیم برپا کر رکھا ہے یہ ہے کہ ہر جگہ مذہب کی غرض مفقود ہو کر رہ گئی ہے۔ اوّل تو لوگ مذہب ہی سے برگشتہ ہیں اور جو لوگ ابھی تک کسی نہ کسی مذہب سے وابستہ ہیں ان کی یہ وابستگی محض برائے نام اور رسمی طور پر ہے، مذہب کی اصل غرض سے وہ بھی نا آشنا محض اور کورے ہیں۔ آج سب سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ دنیا کو مذہب کی اصل غرض سے آگاہ کیا جائے اور پھر جس مذہب سے یہ غرض بہ تمام و کمال پوری ہوتی ہو اُس پر اسے کاربند کرایا جائے اِس کے بغیر وہ فسادِ عظیم جو آج دنیا میں ہر سطح پر برپا ہے کبھی دُور نہیں ہو سکتا۔ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اِس آخری زمانہ میں اصلاحِ خلق کی غرض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزندِ جلیل اور عظیم الشان مامور کی حیثیت سے مبعوث فرمایا تھا اِس ضرورت کو نہایت شان اور آب و تاب سے پورا فرمایا۔ مثال کے طور پر آپ نے مذہب کی اصل غرض کو واضح کرتے ہوئے فرمایا:۔

"مذہب کی اصلی غرض اُس سچے خدا کو پہچاننا ہے جس نے اس تمام عالم کو پیدا کیا او اس کی محبت میں اس مقام تک پہنچنا ہے جو غیر کی محبت کو جلا دیتا ہے، اور اُس کی مخلوق سے ہمدردی کرنا ہے، اور حقیقی پاکیزگی کا جامہ پہننا ہے۔ لیکن مَیں دیکھتا ہوں کہ یہ غرض اس زمانہ میں بالائے طاق ہے اور اکثر لوگ دہریہ مذہب کی کسی شاخ کو اپنے ہاتھ میں لئے بیٹھے ہیں اور خدا تعالیٰ کی شناخت بہت کم ہو گئی ہے۔ اِسی وجہ سے زمین پر گناہ کرنے کی دلیری بڑھتی جاتی ہے کیونکہ یہ بدیہی بات ہے کہ جس چیز کی شناخت نہ ہو نہ اس کا قدر دل میں ہوتا ہے اور نہ اس کی محبت ہوتی ہے اور نہ اس کا خوف ہوتا ہے۔ تمام اقسام خوف اور محبت اور قدردانی کے شناخت کے بعد ہوتے ہیں۔"

(لیکچر لاہور ص۳)

خدا تعالیٰ کی پہچان اور شناخت سے صرف اس کی ہستی پر ایمان لانا مراد نہیں ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی ذات اس کی صفات اور غیر محدود قدرتوں اور طاقتوں کا کامل عرفان حاصل کرے۔ اِس وقت ساری خرابی یہ ہے کہ جو لوگ مذہب کے ساتھ وابستگی کا اظہار کرتے بھی ہیں وہ ایمان باللہ کے زبانی اقرار کو ہی کافی سمجھتے ہیں اور عرفان کی منزل میں قدم رکھنے کی سب سے ضرورت محسوس نہیں کرتے یہی وجہ ہے کہ ان کے اعمال میں ایمان باللہ کا کوئی اثر ظاہر ہی نہیں ہوتا چنانچہ سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ایسے لوگوں کی غلطی واضح کرنے کے بعد ایمان اور عرفان ہر دو کا فرق واضح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"اُس وقت سے جو انسان پیدا ہوا ہے آج تک جو آخری دن ہے صرف ایک ہی ذریعہ گناہ اور نافرمانی سے بچنے کا ثابت ہوا ہے اور وہ یہ کہ انسان یقینی دلائل اور چمکتے ہوئے نشانوں کے ذریعہ سے اُس معرفت تک پہنچ جائے کہ جو درحقیقت خدا کو دکھا دیتی ہے اور کھل جاتا ہے کہ خدا کا غضب ایک کھا جانے والی آگ ہے اور پھر تجلّی حسنِ الٰہی ہو کر ثابت ہو جاتا ہے کہ ہر یک کامل لذّت خدا میں ہے یعنی جلالی اور جمالی طور پر تمام پردے اُٹھائے جاتے ہیں۔ یہی ایک طریق ہے جس سے جذباتِ نفسانی رُکتے ہیں اور جس سے چار ناچار ایک تبدیلی انسان کے اندر پیدا ہو جاتی ہے۔ اِس جواب کے وقت کتنے لوگ بول اُٹھیں گے کیا ہم خدا پر ایمان نہیں رکھتے؟ کیا ہم خدا سے نہیں ڈرتے اور اُس سے محبت نہیں رکھتے؟ اور کیا دُنیا بجز تھوڑے سے افراد کے خدا کو نہیں مانتی؟ اور پھر وہ طرح طرح کے گناہ بھی کرتے ہیں اور انواع و اقسام کے فسق و فجور میں مبتلا دکھائی دیتے ہیں۔ تو اسکا جواب یہ ہے کہ ایمان اَور چیز ہے اور عرفان اَور چیز ہے۔ اور ہماری تقریر کا یہ مدعا نہیں ہے کہ مومن گناہ سے بچتا ہے بلکہ یہ مدعا ہے کہ عارفِ کامل گناہ سے بچتا ہے یعنی وہ کہ جس نے خوفِ الٰہی کا مزا بھی چکھا اور محبتِ الٰہی کا بھی۔ ۔۔۔ انسان کی یہ فطرت میں ہے کہ کامل درجہ کے علم سے ضرور وہ متأثر ہوتا ہے اور جب ہلاکت کی راہ اپنا ہیبتناک منہ دکھاوے تو اس کے سامنے نہیں آتا۔ مگر ایمان کی حقیقت صرف یہ ہے کہ حسنِ ظن سے مان لے۔ لیکن عرفان کی حقیقت یہ ہے کہ اُس مانی ہوئی بات کو دیکھ بھی لے۔ پس عرفان اور عصیان دونوں کا ایک ہی دل میں جمع ہونا محال ہے جیسا کہ دن اور رات کا ایک ہی وقت میں جمع ہونا محال ہے۔"

(ریویو آف ریلیجنز۔ اُردو جلد اول صفحہ ۲۳، ۲۴)

اس سے ظاہر ہے کہ گناہ اور فساد کے طریقوں سے بچنے کے لئے صرف اتنا ہی کافی نہیں ہے کہ انسان ایمان باللہ کے وصف سے متصف ہو بلکہ اس کے لئے ضروری ہے کہ اسے خدا تعالیٰ کی ہستی، اس کی صفات اور قدرتوں اور طاقتوں کا کامل عرفان بھی حاصل ہو اس کے بغیر ایک انسان کو گناہ آلود زندگی سے چھٹکارا نصیب نہیں ہو سکتا۔ یہ عرفان دو باتوں سے حاصل ہوتا ہے ایک یقینی اور قطعی دلائل دوسرے قدرتِ خداوندی کے چمکتے ہوئے نشان۔ ایسے یقینی اور قطعی دلائل اور علی الخصوص چمکتے ہوئے نشان کہ جن کے آگے سرکش انسانوں کی گردنیں جھک جائیں اللہ تعالیٰ اپنے ماموروں اور مقربین خاص کے ذریعہ ظاہر فرماتا ہے۔

اب چونکہ اِس زمانہ کا سب سے بڑا روگ ہی یہ تھا اور ہے کہ لوگوں کو خدا تعالیٰ کی ہستی پر وہ زندہ اور حقیقی ایمان جو عرفانِ کامل کی دولت سے مالامال کر دکھاتا ہے حاصل نہیں اِس لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی بعثت کی بنیادی غرض یہی بیان فرمائی کہ میرا کام لوگوں کو عرفانِ ذاتِ باری سے مالامال کر دکھانا ہے مَیں صرف دلائل کے ذریعہ یہ ثابت کرنے نہیں آیا کہ خدا ہے بلکہ چمکتے نشانوں کے ذریعہ لوگوں کو خدا تعالیٰ کی ہستی دکھانے اور اس کی کامل معرفت سے بہرہ ور کرنے آیا ہوں چنانچہ آپ نے ایک دنیا کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:۔

"انبیاء علیہم السلام کے دنیا میں آنے کی سب سے بڑی غرض اور ان کی تعلیم اور تبلیغ کا عظیم الشان مقصد یہ ہوتا ہے کہ لوگ خدا تعالیٰ کو شناخت کریں اور اُس زندگی سے جو انہیں جہنم اور ہلاکت کی طرف لے جاتی ہے اور جس کو گناہ آلود زندگی کہتے ہیں نجات پائیں، حقیقت میں یہی بڑا بھاری مقصد ان کے آگے ہوتا ہے۔ پس اِس وقت بھی جو خدا تعالیٰ نے ایک سلسلہ قائم کیا ہے اور اُس نے مجھے مبعوث فرمایا ہے تو میرے آنے کی غرض بھی وہی مشترک غرض ہے جو سب نبیوں کی تھی یعنی مَیں بتانا چاہتا ہوں کہ خدا کیا ہے بلکہ دکھانا چاہتا ہوں اور گناہ سے بچنے کی راہ کی طرف راہبری کرتا ہوں۔"

(ملفوظات جلد سوم ص۱۱)

حقیقت یہ ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یقینی اور قطعی دلائل ہی نہیں بلکہ ساتھ کے ساتھ متواتر ظاہر ہونے والے چمکتے ہوئے نشانوں کے ذریعہ ان خوش نصیبوں کو جنہیں آپ کی آواز پر لبیک کہنے کی سعادت نصیب ہوئی رویتِ الٰہی کی سعادت سے بہرہ ور کر دکھایا اور انہیں عرفانِ الٰہی کی دولت سے مالامال کرکے ان کی زندگیوں کو یکسر بدل کر رکھ دیا۔ وہ خدا رسیدہ ہی بلکہ خدا نما وجود بنکر دوسروں کو راہِ راست پر لانے کا وسیلہ بنے اور نعمتِ خلافت کی برکت کے طفیل آج بھی بنے ہوئے ہیں اور مشرق و مغرب میں بسنے والی اقوام کے نیک فطرت لوگ ان کے ذریعہ ایمان باللہ اور عرفانِ الٰہی کی دولت سے مالامال ہو رہے ہیں۔

حقیقت یہی ہے کہ اِس زمانہ کا سب سے بڑا روگ اہلِ دنیا کی ایمان باللہ اور عرفانِ الٰہی سے محرومی ہے۔ یہ روگ اُنہیں کے ذریعہ دور ہوگا اور رفتہ رفتہ ہو رہا ہے جنہیں خود اللہ تعالیٰ نے اپنے عظیم الشان مامور اور اُس کے خلفاء کے ذریعہ ایمان باللہ عرفانِ ذاتِ باری اور رویتِ الٰہی کی دولت سے مالامال فرمایا ہے۔

درخواستِ دُعا

مکرم مولوی محمد اجمل صاحب شاہد انچارج نائیجیریا مشن کمر اور بازو میں درد کی وجہ سے بیمار ہیں۔ احباب کرام سے مولوی صاحب موصوف کی صحت یابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ (وکالت تبشیر)

جماعت احمدیہ پر تحریف قرآن مجید کا بے بنیاد الزام

(مکرم مولوی ابوالمنیر نورالحق صاحب ربوہ)

(۲)

جماعت احمدیہ کے متعلق تحریف قرآن مجید کے غلط الزام کے اچھالنے کی ابتداء کوئٹہ (بلوچستان) سے شروع ہوئی۔ پروپیگنڈا کرنے والوں کے ارادوں کو بھانپتے ہوئے گورنر بلوچستان نواب محمد اکبر صاحب بگٹی نے جو مدلل بیان دیا اس کا ذکر مضمون کی قسط اول میں کیا جا چکا ہے اس بیان کے بعد اب تک کسی نے نہ تو ربوہ سے شائع ہونے والے قرآن مجید کی کسی ایسی آیت کی تعیین کی جس میں تحریف ہوئی ہو اور نہ ہی نواب بگٹی صاحب کے بیان کی تردید میں کچھ لکھا ہاں ایک اخبار میں غالباً احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان کے دو نوٹ شائع ہوئے ہیں جن کا خلاصہ مضمون نگار کے الفاظ میں یہ ہے کہ ربوہ کے قرآن مجید اردو اور انگریزی میں جو ہزاروں کی تعداد میں شائع ہوا ہے بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ سے مراد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد نازل ہونے والی وحی لی گئی ہے اور یہ تحریف ہے۔

ہم سے اختلاف رکھنے والے ہر شخص کا یہ حق ہے کہ وہ ہمارے نظریات کی صحت کے متعلق ہم سے دلائل طلب کرے اس لئے اگر مضمون نگار صرف اس حد تک اپنے آپ کو محدود رکھتے کہ جماعت احمدیہ نے اپنے لٹریچر کی بعض کتب میں آیت بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ کی شرح کرتے ہوئے آخرت سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نازل ہونے والی وحی لی ہے اور اس کے دلائل طلب کرتے تو ان کا موقف درست ہوتا لیکن انہوں نے اپنے مقصد تک پہنچنے کے لئے غلط راستہ اختیار کیا اور لکھا کہ ربوہ سے شائع ہونیوالے ترجمہ قرآن مجید میں آخرت سے آنحضرتؐ کے بعد نازل ہونے والی وحی مراد لی گئی ہے۔ حالانکہ مذکورہ ترجمہ اردو قرآن مجید میں ان کی بیان کردہ بات نہیں بلکہ وہاں یہ ترجمہ ہے کہ "وہ (یعنی مومن) آئندہ ہونے والی موعود باتوں پر بھی یقین رکھتے ہیں" یہ ظاہر ہے کہ ان کی ذکر کردہ بات اس ترجمہ میں نہیں ہے اور انہوں نے وہ بات جو ہماری تفاسیر میں ہے اسکو مترجم قرآن مجید کی طرف منسوب کر دیا اگر ان کو تفاسیر پر اعتراض تھا تو صرف ان کا ذکر کرتے اور مترجم قرآن مجید کا ذکر اس ضمن میں نہ کرتے لیکن ان کے ذہن نے یہ فیصلہ کیا کہ بات کو ایسا رنگ دیا جائے جس سے عوام کو مشتعل کیا جا سکے۔ خواہ وہ حقیقت کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ انما الاعمال بالنیات و انما لکل امرئ ما نوی۔

لیکن یہ بات ہر ایک کی سمجھ میں آسکتی ہے کہ قرآن مجید کا ترجمہ اور تفسیر اختلاف تحریف کی ذیل میں نہیں آتا کاش مضمون نگار یہ سوچتے کہ اگر ترجمہ اور تفسیر کے اختلاف کو تحریف قرار دیا جائے تو تیرہ سو سال کے عرصہ میں ہزاروں کی تعداد میں لکھی جانے والی تفاسیر محرف قرار پائیں گی کیونکہ ہر تفسیر دوسری سے مختلف ہے۔ علماء سلف تو یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ لَا يَفْقَهُ الرَّجُلُ كُلَّ الْفِقْهِ حَتَّى يَجْعَلَ لِلْقُرْآنِ وُجُوهًا (اتقان) کوئی شخص قرآن مجید کا عالم نہیں ہو سکتا۔ جب تک وہ قرآن مجید کی تفسیر بیان کرتے ہوئے اس کے متعدد پہلو بیان نہ کرے۔ پھر بعض علماء ربانی نے یہاں تک کہا کہ لِكُلِّ آيَةٍ سِتُّونَ أَلْفَ فَهْمٍ (اتقان) کہ قرآن مجید کی ایک ایک آیت کے ستر ستر ہزار معنے ہو سکتے ہیں۔ ابن عربی اپنی تفسیر عرائس البیان کے شروع میں فرماتے ہیں:

قَالَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ كِتَابُ اللّٰهِ عَلَى أَرْبَعَةِ أَشْيَاءَ۔ اَلْعِبَارَةُ وَالْإِشَارَةُ وَاللَّطَائِفُ وَالْحَقَائِقُ فَالْعِبَارَةُ لِلْعَوَامِ وَالْإِشَارَةُ لِلْخَوَاصِ وَاللَّطَائِفُ لِلْأَوْلِيَاءِ وَالْحَقَائِقُ لِلْأَنْبِيَاءِ وَقَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيُّ ابْنُ أَبِي طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ مَا مِنْ آيَةٍ إِلَّا وَلَهَا أَرْبَعَةُ مَعَانٍ ظَاهِرٌ وَبَاطِنٌ وَحَدٌّ وَمُطَّلَعٌ (اتقان)

کہ جعفر بن محمد فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں چار چیزیں ہیں۔ اول۔ عبارت یعنی متن یہ عوام کے لئے ہے۔ دوم۔ ارشادات یہ خواص لوگوں کے لئے ہیں سوم نکات یہ اولیاء اللہ ہی سمجھ سکتے ہیں۔ چہارم۔ حقائق و معارف قرآن مجید یہ انبیاء کا حصہ ہیں۔ (حضرت محی الدین ابن عربی کا یہ ارشاد وَالْحَقَائِقُ لِلْأَنْبِيَاءِ خاص طور پر قابل غور ہے کیونکہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی وحی نہیں آنی تھی تو یہ ارشاد آپ نے کیوں فرمایا) پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یہ مقولہ ذکر کیا گیا ہے کہ ہر آیت کے چار معنے ہو سکتے ہیں۔

ان سب حوالہ جات سے ظاہر ہوتا ہے کہ قرآن مجید کی آیات کے مختلف معانی ہو سکتے ہیں بشرطیکہ وہ لغت اور قواعد اللغۃ العربیہ کے مطابق ہوں پھر مضمون نگار اپنے مضمون میں تحریر فرماتے ہیں:-

"کہ اس مقام پر قرآن کا اصل مفہوم جس پر سواد اعظم کا اجماع ہے مندرجہ ذیل ہے۔ اور جو اس پر ایمان لاتے ہیں جو تیری طرف اتارا گیا اور جو تجھ سے پہلے اتارا گیا اور آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔ آخرت پر یقین اسبات پر کہ ہر ایک اچھے عمل کا نتیجہ ضرور اچھا ہوگا اور ہر ایک برے کام کا نتیجہ ضرور برا ہوگا۔"

مضمون نگار نے جو ترجمہ آیت قرآنیہ کا پیش کیا ہے اس میں اور جماعت احمدیہ کی طرف سے شائع ہونے والے قرآن مجید کے ترجمہ میں صرف اتنا فرق ہے کہ جماعت احمدیہ کی طرف سے شائع ہونے والے قرآن مجید میں اَلْآخِرَةِ کا ترجمہ لغت عربی کے مطابق کر دیا گیا ہے جب کہ مضمون نگار کے پیش کردہ ترجمہ میں آخرت کے لفظ کا ترجمہ نہیں کیا گیا حالانکہ ترجمہ ہوتا ہی اس غرض کے لئے ہے کہ قارئین کو مفہوم سمجھ آسکے۔ ترجمہ کے اس نقص کی وجہ سے مضمون نگار صاحب کو آخرۃ کی تشریح کے لئے مزید عبارت لکھنی پڑی جس کو انہوں نے سواد اعظم کی تشریح قرار دیا۔ حالانکہ نہ اس کی تائید قرآن مجید سے ہوتی ہے نہ حدیث سے نہ لغت سے چہ جائیکہ اس پر سواد اعظم کا ٹھپہ لگایا جاتا۔

اب میں اس بات کو لیتا ہوں کہ جماعت احمدیہ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ کی تشریح کرتے ہوئے لفظ آخرۃ سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نازل ہونے والی وحی لیتی ہے۔ اسکے کیا دلائل ہیں۔

سو واضح ہو کہ لفظ آخِرَة۔ اُولیٰ کے مقابل پر بولا جاتا ہے۔ اُولیٰ کے معنے ہیں پہلے آنے والی اور آخرۃ کے معنے ہیں۔ بعد میں آنے والی۔ یہ لفظ قرآن مجید میں ستاسی بار استعمال ہوا ہے۔ ان میں سے آٹھ مقامات پر لفظ آخرۃ کا موصوف اَلدَّار بیان ہوا ہے اور اس سے مراد مرنے کے بعد مومن کو ملنے والا گھر ہے۔ بعض مقامات پر آخرۃ کے ساتھ اجر۔ ثواب۔ عذاب اور لقاء کے لفظ کو مضاف کیا گیا ہے جس سے اس مقام پر آخرت کے لفظ کا مفہوم متعین ہوتا ہے لیکن قرآن مجید میں کچھ مقامات پر آخرۃ کا لفظ مطلق استعمال ہوا ہے نہ اس کا موصوف بیان ہوا ہے اور نہ اس کو مضاف وغیرہ کے ساتھ مقید کیا گیا ہے اور پڑھنے والے پر چھوڑ دیا گیا ہے کہ وہ قواعد لغت کو مدنظر رکھتے ہوئے سیاق و سباق کے مطابق آخرت کا موصوف نکالے۔ ایسے مقامات میں سے چند ایک کا ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے

۱۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

وَالضُّحٰى ۙ وَالَّيْلِ إِذَا سَجٰى ۙ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۗ وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُولٰى ۗ

(پارہ تیسواں)

یہ آیات آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر اس وقت نازل ہوئیں جب مکہ میں آپ کی سخت مخالفت ہو رہی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تسلی دی کہ گھبرائیں نہیں۔ جلد ہی مخالفت ختم ہو جائیگی اور آپ کا ہر قدم ترقی پر ہوگا۔ اب آخرت کے لفظ کی تشریح جو خاص مضمون نگار نے کی ہے اس کے تحت سارا مضمون ہی بے ربط بلکہ خبط ہو جاتا ہے بعض مفسرین نے اسجگہ آخرۃ سے مراد اُخروی زندگی اور اُولیٰ سے مراد دنیا کی ہے لیکن ان کو تسلی قلب نہیں ہوا کیونکہ یہ معنی مراد لینے کی صورت میں یہ آیت پہلی

آیات میں بیان شدہ دعویٰ کی دلیل نہیں بنتی تھی کیونکہ دعویٰ یہ تھا کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی معیت حاصل ہے اب اگر اس کے بعد صرف اتنا فقرہ ہو کہ معیت کی دلیل یہ ہے کہ آخرت میں آپ کو بہت انعامات ملیں گے تو اس سے مخاطب پوری طرح مطمئن نہیں ہو سکتا تھا۔ مخاطب تبھی مطمئن ہو سکتا ہے۔ جب یہ کہا جائے کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ کو دنیا میں بھی کامیابیاں ہونگی اور آخرت میں بھی آپ کو بہت نوازا جائیگا اور دنیا کی کامیابی اس بات کا ثبوت ہوگی کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی معیت حاصل ہے۔ چنانچہ مفسرین نے سارا مضمون ادا کرنے کے لئے آخرۃ کا موصوف اَلْحَالَۃُ نکالا۔ امام فخر الدین رازی اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

مَا یَخْطُرُ بِبَالِیْ وَھُوَ
اَنْ یَکُوْنَ الْمَعْنٰی
وَلَلْاَحْوَالُ الْاٰتِیَۃُ
خَیْرٌ لَکَ مِنَ الْمَاضِیَۃِ
کَاَنَّہٗ تَعَالٰی وَعَدَہٗ
بِاَنَّہٗ سَیَزِیْدُہٗ کُلَّ
یَوْمٍ عِزًّا اِلٰی عِزٍّ
وَمَنْصَبًا اِلٰی مَنْصَبٍ
فَیَقُوْلُ لَا تَظُنَّ اَنِّیْ
قَلَیْتُکَ بَلْ تَکُوْنُ کُلَّ
یَوْمٍ یَاْتِیْ فَاِنِّیْ اَزِیْدُکَ
مَنْصَبًا وَجَلَالًا۔

یعنی میرے دل میں یہ بات آئی ہے کہ وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی میں یہ پیشگوئی کی گئی ہے کہ آنحضرت کی ہر دوسری حالت پہلی حالت سے بہتر ہوگی اور اللہ نے آپ سے وعدہ کیا کہ آپ ہر گھڑی عزت اور منصب میں ترقی کرتے جائیں گے اور یہ اس بات کا ثبوت ہوگا کہ اللہ تعالیٰ آپ سے ناراض نہیں ہوا

مولانا محمود الحسن صاحب شیخ الہند اور مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کے مترجم قرآن مجید میں ان آیات کا ترجمہ یوں کیا گیا ہے" اور البتہ پچھلی بہتر ہے تجھ کو پہلی سے" اور حاشیہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کی پچھلی حالت پہلی حالت سے کہیں ارفع و اعلیٰ ہے۔

مولانا مودودی صاحب اس آیت کا ترجمہ یوں کرتے ہیں۔ "یقیناً تمہارے لئے بعد کا دور پہلے دور سے کہیں بہتر ہے" پھر اس کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں "یہ خوشخبری اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی حالت میں دی تھی جبکہ چند مٹھی بھر آدمی آپ کے ساتھ تھے۔ ساری قوم آپ کی مخالف تھی۔ بظاہر کامیابی کے آثار دور دور کہیں نظر نہ آتے تھے۔ اسلام کی شمع مکہ میں ٹمٹما رہی تھی اور اسے بجھا دینے کے لئے ہر طرف سے طوفان اٹھ رہے تھے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی سے فرمایا کہ ابتدائی دور کی مشکلات سے آپ پریشان نہ ہوں۔ ہر بعد کا دور پہلے دور سے آپ کے لئے بہتر ثابت ہوگا۔ آپ کی قوت آپ کی عزت و شوکت اور آپ کی قدر و منزلت برابر بڑھتی چلی جائے گی اور آپ کا نفوذ و اثر پھیلتا چلا جائیگا"

حضرت ابن عربیؒ آیت مذکورہ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:-

وَلَلْحَالَۃُ الْاٰخِرَۃُ الَّتِیْ
ھِیَ التَّجَلِّیْ بَعْدَ
الْاِحْتِجَابِ لِاشْتِدَادِ
الشَّوْقِ خَیْرٌ لَکَ
مِنَ الْحَالَۃِ الْاُوْلٰی۔

یعنی اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ جو تجلی اللہ تعالیٰ کی آنحضرتؐ پر آپکے شدت شوق کے نتیجہ میں ہوئی وہ حالت پہلی حالت سے بہتر ہے

تفسیر قُمّی شیعہ حضرات کی معتبر تفسیر ہے۔ اس میں وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی کی تفسیر میں لکھا ہے قَالَ اَلْکَرَّۃُ ھِیَ الْاٰخِرَۃُ لِلنَّبِیِّ یعنی اس آیت میں اولیٰ سے مراد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پہلی بعثت اور آخرۃ سے مراد دوسری بعثت ہے۔

(باقی)

عورتوں کو ورثہ دینے کے بارے میں
حضرت المصلح الموعودؓ کا ارشاد

مرتبہ مکرم انیس الرحمن صاحب صادق شاہد مربی سلسلہ احمدیہ

عورتوں کو ورثہ دینا اسلامی تعلیم کا اہم حصہ ہے۔ ہمارے ملک میں لوگوں کا اس تعلیم پر کم عمل ہے۔ جماعت احمدیہ کا قیام اس غرض کے لئے ہوا ہے کہ وہ اسلامی شریعت کو دنیا میں قائم کرے اس لئے احباب جماعت کو اس بارے میں حضرت المصلح الموعودؓ کے چند ضروری اقتباسات پیش کئے جاتے ہیں

"ہمارے ملک میں زمینداروں میں بالعموم ورثہ کے مسئلہ پر عمل نہیں کیا جاتا آج پچاس سال جماعت احمدیہ کو قائم ہوئے گذر گئے ہیں مگر ابھی تک ہماری جماعت میں لڑکیوں کو اپنی جائیدادوں میں سے وہ حصہ نہیں دیا جاتا جو خدا اور رسول نے ان کے لئے مقرر کیا ہے"

"میں سمجھتا ہوں کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہر مخلص اقرار کرے کہ آئندہ اس کی پابندی کرے گا اور اپنی بیٹی اپنی بہن اپنی بیوی اور اپنی ماں کو وہ حصہ دے گا جو شریعت نے انہیں دیا ہے اور اگر وہ اس کی پابندی کرنے کے لئے تیار نہیں تو وہ ہم سے الگ ہو جائے۔ پس آئندہ پورے طور پر اپنی اپنی جماعتوں میں اس کی پابندی کرائی جائے اور جو لوگ اس مسئلہ پر عمل نہ کریں ان کے متعلق غور کیا جائے کہ ان کے لئے کیا تعزیر مقرر کی جا سکتی ہے اور اگر کوئی ہماری تحریک کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہ ہو تو ایسے شخص کو جماعت سے نکال دیا جائے گا تا آئندہ کوئی شخص یہ نہ کہہ سکے کہ تمہارے ہاں شریعت کی ہتک ہوتی ہے"

"میں جماعت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ آپ میں سے جو لوگ اس مسئلہ پر عمل کرنے کے لئے تیار ہوں وہ کھڑے ہو جائیں (اس پر تمام حاضرین نے کھڑے ہو کر لبیک یا امیر المومنین کہتے ہوئے اس کا اقرار کیا اس کے بعد حضورؓ نے فرمایا) دیکھو آج تم میں سے ہر شخص نے یہ اقرار کیا ہے کہ وہ دکھوں اور تکلیفوں کی کوئی پروا نہ کرتے ہوئے اپنی مرضی سے خدا کی محبت اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے احیاء کے لئے طوعاً بغیر کسی جبر اور اکراہ کے اس امر کے لئے تیار ہے کہ وہ اپنی جائیداد سے اپنی لڑکیوں اور دوسری رشتہ دار عورتوں کو وہ حصہ دے گا جو خدا اور رسول نے مقرر کیا ہے۔ پس اس وقت چونکہ بحیثیت جماعت آپ لوگوں نے عمل کا اقرار کیا ہے اس لئے یاد رکھیں کہ آئندہ اگر کوئی شخص اس پر عمل نہیں کریگا تو اس سے قطع تعلق کا حکم دیا جائے گا یا کوئی اور سزا دی جائے گی جو ہمارے امکان میں ہے۔ اور اگر وہ سزا برداشت کرنے کے لئے تیار نہ ہو تو اسے جماعت سے الگ کر دیا جائیگا"

(انقلاب حقیقی صفحہ ۱۱۲)

ماہنامہ تحریک جدید

ماہنامہ تحریک جدید کا شمارہ ماہ ستمبر پوسٹ کر دیا گیا ہے۔ امید ہے دو چار روز تک تمام خریداران صاحبان کی خدمت میں پرچہ پہنچ جائے گا۔ اگر کسی دوست کو پرچہ نہ ملے تو مہربانی فرما کر اطلاع دیں تاکہ پرچہ دوبارہ ارسال کیا جا سکے۔ زیادہ تاخیر سے اطلاع ملنے پر پرچہ نہ بھیجا جا سکے گا۔ اگر آپ کا چندہ ختم ہو چکا ہے تو براہ مہربانی جلد تجدید فرمائیں۔

(مینیجنگ ایڈیٹر)

مجلس شوریٰ خدام الاحمدیہ

مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا سالانہ اجتماع ۲-۳-۴ ماہ نبوت ۱۳۵۲ ہش / نومبر ۱۹۷۳ء کو منعقد ہوگا۔ اجتماع کے دوران حسب سابق شوریٰ کا اجلاس بھی ہوگا۔

قائدین مجالس شوریٰ میں پیش کی جانے والی تجاویز اجلاس عام میں پیش کریں اور کثرت رائے سے منظور ہونے والی تجاویز ۲۵ ستمبر تک مرکز میں پہنچنی چاہئیں

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

فضلِ عمر درس القرآن کلاس کے نتائج

امسال فضل عمر درس القرآن کلاس کے امتحان میں کامیاب طلباء و طالبات کے نتائج درج ذیل ہیں

قرآن مجید میں انعام پانے والے طلباء

وحید احمد جنجوعہ	دار الرحمت غربی ربوہ	۹۳/۱۰۰	اوّل
احسان اللہ	اوکاڑہ ضلع ساہیوال	۹۱/۱۰۰	دوم
مسعود احمد قمر	شیخوپورہ شہر	۸۹/۱۰۰	سوم
مولوی جلال الدین	ضلع گجرات	۸۹/۱۰۰	سوم

میزان میں مستحق انعام طلباء

وحید احمد جنجوعہ	دار الرحمت غربی ربوہ	۱۸۶/۲۰۰	اوّل
ناصر احمد محمود	دار الیمن ربوہ	۱۷۶/۲۰۰	دوم
مقصود احمد قمر	شیخوپورہ شہر	۱۷۶	دوم
احسان اللہ	اوکاڑہ ضلع ساہیوال	۱۷۴	سوم

قرآن مجید میں انعام پانے والی طالبات

امۃ الباسط غنی	دار الرحمت غربی ربوہ	۹۶/۱۰۰	اوّل
طاہرہ حمید	" ربوہ	۹۶/۱۰۰	اوّل
صادقہ پروین	دار العلوم جنوبی ربوہ	۹۶/۱۰۰	اوّل
نصیرہ نسیم	دار الرحمت وسطی "	۹۵/۱۰۰	دوم
امۃ المتین	شورکوٹ شہر	۹۵/۱۰۰	دوم
منصورہ حق	کالیہ ضلع شیخوپورہ	۹۴/۱۰۰	سوم

میزان میں انعام پانے والی طالبات

امۃ الباسط۔ طاہرہ حمید۔ صادقہ پروین تینوں میزان میں بھی اوّل ہیں ۱۸۷/۲۰۰ اوّل
امۃ المتین شورکوٹ شہر ۱۸۵/۲۰۰ دوم
امۃ الحفیظ عابدہ زیدی دار الرحمت وسطی ربوہ ۱۸۳/۲۰۰ سوم

تقریری مقابلہ میں انعام پانے والے طلباء

معیار اوّل :-	لطیف احمد عابد	ربوہ	اوّل
"	عبد الرحیم ظفر	حیدرآباد سندھ	دوم
معیار دوم :-	غلام محمود بلر	کراچی	اوّل
	ارشاد حسین	"	دوم
	نصیر احمد	ساہیوال	سوم

تفصیلی نتیجہ درج ذیل کیا جاتا ہے
عبد المالک خان ناظر اصلاح و ارشاد ربوہ

نتیجہ امتحان طلباء تعلیم القرآن کلاس

نمبر شمار	نام	رول نمبر	حاصل کردہ نمبر: قرآن	کلام	کل نمبر	کیفیت
۱	مقبول احمد باجوہ ساہیوال	۱۳	۵۸/۱۰۰	۲۵/۱۰۰	۸۳/۲۰۰	قرآن میں پاس
۲	بشارت احمد (سید والا)	۱۷	۵۸	۵۳	۱۱۱	پاس
۳	نقی محمد (ساہیوال)	۲۰	۷۴	۷۸	۱۵۲	"
۴	انوار احمد چک ۱۳ ۹-L "	۲۳	۵۳	۴۶	۹۹	"
۵	مشتاق احمد (نارووال)	۲۶	۷۴	۶۲	۱۳۶	"
۶	مبشر احمد (بدوملہی)	۳۱	۴۰	۴۸	۸۸	"
۷	انور علی چیمہ (اوکانوالی)	۳۲	۵۵	۵۳	۱۰۸	"
۸	محمد نصر اللہ (ڈسکہ)	۳۴	۵۱	۵۹	۱۱۰	"
۹	برکات احمد تنویر "	۳۵	۷۰	۶۰	۱۲۰	"
۱۰	ارشد علی (شہزادہ)	۴۰	۴۰	۵۵	۹۵	"
۱۱	محمود احمد (ڈسکہ)	۴۳	۵۷	۶۹	۱۲۶	"
۱۲	بشارت احمد (ربوہ)	۴۴	۷۲	۶۵	۱۳۷	"
۱۳	طارق حبیب "	۴۵	۵۹	۳۳	۹۲	"
۱۴	حبیب احمد (چک ننوانہ)	۵۰	۸۶	۶۷	۱۵۳	"
۱۵	بشارت الرحمن (جھنگ)	۵۱	۸۴	۶۹	۱۵۳	"
۱۶	محمد اسلم "	۵۲	۵۱	۳۳	۸۴	"
۱۷	ناصر الدین احمد شاہد "	۵۳	۶۱	۵۷	۱۱۸	"
۱۸	محمد الیاس بشیر (ضلع سیالکوٹ)	۵۶	۶۰	۳۳	۹۳	"
۱۹	شجاع الدین (جھنگ)	۵۷	۳۴	۳۳	۶۷	پاس
۲۰	مبشر احمد طارق چک ۳۵	۶۰	۶۳	۶۹	۱۳۲	"
۲۱	نصیر احمد بشیر (جھنگ)	۶۶	۴۴	۲۴	۶۸	قرآن میں پاس
۲۲	میاں شاہد احمد (چک ۹۹)	۶۷	۵۲	۳۷	۸۹	پاس
۲۳	ظفر احمد پشاور	۷۱	۸۶	۵۷	۱۴۳	"
۲۴	خورشید احمد "	۷۲	۷۶	۴۴	۱۲۰	"
۲۵	ظہور احمد "	۷۳	۴۱	۵۰	۹۱	"
۲۶	ناصر جہانگیر "	۷۴	۵۲	۱۸	۷۰	قرآن میں پاس
۲۷	بشارت اسلم "	۷۶	۵۷	۳۳	۹۰	پاس
۲۸	نوید اسلم "	۷۷	۴۳	۴۸	۹۱	"
۲۹	عمر فاروق "	۷۸	۵۷	۸۸	۱۲۵	"
۳۰	نصیر احمد ظفر "	۷۹	۵۹	۵۴	۱۱۳	"
۳۱	نعیم احمد (جھنگ)	۸۰	[illegible]	۵۰	۱۳۱	"
۳۲	سلیم احمد (جھنگ صدر)	۸۱	۶۳	۶۸	۱۳۱	پاس
۳۳	افتخار احمد (فیروز والا)	۸۳	۴۰	۵۳	۹۲	"
۳۴	مبارک احمد (پیرکوٹ)	۸۴	۴۹	۵۲	۱۰۱	"
۳۵	عبد السلام ناصر (گوجرانوالہ)	۸۵	۶۵	۴۳	۱۰۸	"
۳۶	محمود احمد (ترگڑی)	۸۶	۴۰	۱۳	۵۳	قرآن میں پاس
۳۷	امتیاز احمد (فیروز والا)	۹۱	۵۱	۱۲	۶۳	"
۳۸	صادق محمد طاہر (خوشاب)	۹۲	۸۳	۵۸	۱۴۱	پاس
۳۹	نصر اللہ خان (دعبار)	۹۳	۴۴	۴۹	۵۳	"

نمبر شمار	نام	رول نمبر	قرآن	کلام	کل نمبر	کیفیت
۴۰	افتخار احمد (مجاہرٹہ)	۹۴	۵۰	۵۹	۱۰۹	پاس
۴۱	زاہد فاروق (دارالبرکات)	۱۰۰	۴۱	۲۴	۶۵	قرآن میں پاس
۴۲	ریاض احمد شیخوپورہ	۱۰۴	۶۸	۴۹	۱۱۷	پاس
۴۳	احسان اللہ (اوکاڑہ)	۱۰۷	۹۱	۸۳	۱۷۴	اول قرآن میں دوم
۴۴	شیخ محمد اسلم شاد (سیدوالا)	۱۰۹	۴۲	۲۸	۷۰	قرآن میں پاس
۴۵	مبشر احمد ابڑو (دارالرحمت)	۱۱۳	۳۴	۵۶	۹۰	پاس
۴۶	مظفر احمد ابڑو (الودآباد)	۱۱۴	۵۲	۴۷	۹۹	"
۴۷	مستر شاہد (ربوہ)	۱۱۵	۶۳	۶۶	۱۲۹	"
۴۸	نعیم اللہ شاہد (حیدرآباد)	۱۱۸	۷۱	۸۱	۱۵۲	"
۴۹	اسلام الحق شاد (بدین)	۱۱۹	۴۶	۵۲	۹۸	"
۵۰	مبارک احمد (حیدرآباد)	۱۲۰	۴۰	۴۰	۸۰	"
۵۱	محمد رشید سانگھڑ	۱۲۱	۵۱	۷۹	۱۳۰	"
۵۲	پیر مسیح الرحمن "	۱۲۳	۷۲	۸۸	۱۶۰	"
۵۳	ناصر احمد (دفتر پارک)	۱۲۹	۷۸	۰	۷۸	قرآن میں پاس
۵۴	غلام مصطفیٰ بلوچ "	۱۳۰	۶۳	۵۸	۱۲۱	پاس
۵۵	محمد ارشاد اقبال (ٹکری)	۱۳۱	۶۹	۶۹	۱۳۸	"
۵۶	عبدالرحمن حیدر (کریم نگر)	۱۳۲	۴۶	۵۰	۹۶	"
۵۷	محمود مبارک شاہد (لطیف نگر)	۱۳۳	۸۲	۶۸	۱۵۰	"
۵۸	اظہر احمد (احمد آباد)	۱۳۴	۶۲	۵۹	۱۲۱	"
۵۹	نصیر احمد بٹ (پنجابی لاوڈی)	۱۳۵	۵۳	۶۵	۱۱۸	"
۶۰	خالد محمود (لائلپور)	۱۴۳	۶۷	۴۵	۱۱۲	"
۶۱	وسیم احمد (گوجرہ)	۱۴۴	۴۰	۴۷	۸۷	"
۶۲	محمد ارشد چک ۱۰۵ ر ب	۱۴۸	۴۴	۷۰	۱۱۴	"
۶۳	خلیل احمد (لالیاں)	۱۵۱	۵۴	۳۳	۸۷	"
۶۴	مقصود احمد (گھسیٹ پورہ)	۱۵۶	۷۲	۶۹	۱۴۱	"
۶۵	شاہد چوہدری (کھنڈوالی)	۱۶۱	۴۶	۳۴	۸۰	"
۶۶	عبدالباسط طارق (لائلپور)	۱۶۲	۴۶	۴۸	۹۴	"
۶۷	مبشر احمد باجوہ (رحیم یار خان)	۱۷۰	۴۲	۵۴	۹۶	"
۶۸	خلیل احمد (چک ۵۵)	۱۷۲	۵۳	۱۸	۷۱	قرآن میں پاس
۶۹	منیر اقبال نیر شاہ کوٹ	۱۷۳	۵۶	۴۰	۹۶	پاس
۷۰	عبدالرشید انور (ربوہ)	۱۷۴	۷۲	۴۳	۱۱۵	"
۷۱	جمیل احمد	۱۷۶	۴۰	۵۵	۹۵	"
۷۲	شمس الحق طیب ربوہ	۱۷۸	۷۷	۷۰	۱۴۷	"
۷۳	لئیق احمد عابد "	۱۷۹	۸۶	۷۴	۱۶۰	"
۷۴	نذیر احمد عاصی (چک ۵۵)	۱۸۱	۵۹	۶۹	۱۲۸	"
۷۵	جمیل احمد شریف (ربوہ)	۱۸۲	۴۴	۵۲	۹۶	"
۷۶	وسیم خالد جنجوعہ "	۱۸۴	۵۴	۴۴	۹۸	"
۷۷	ملک عبداللطیف خالد "	۱۸۶	۶۳	۵۸	۱۲۱	"
۷۸	وحید احمد جنجوعہ "	۱۸۸	۹۳	۹۳	۱۸۶	اول قرآن میں اول
۷۹	مبشر احمد شاہین "	۱۸۹	۸۷	۶۳	۱۵۰	پاس
۸۰	مقصود الحق "	۱۹۰	۷۷	۸۴	۱۶۱	"
۸۱	شمس الحق "	۱۹۱	۸۵	۸۲	۱۶۷	"
۸۲	احسان الحق پرویز "	۱۹۳	۴۹	۳۳	۸۲	"
۸۳	رفیق احمد خان "	۱۹۷	۵۲	۵۹	۱۱۱	"
۸۴	میر احمد زاہد احمد "	۱۹۹	۵۵	۴۵	۱۰۰	"
۸۵	ملک احمد حسین مظفر "	۲۰۰	۵۷	۴۴	۱۰۱	"
۸۶	فیاض رسول ربوہ	۲۰۱	۴۰	۲۳	۶۳	قرآن میں پاس
۸۷	ناصر احمد محمود "	۲۰۵	۸۷	۸۹	۱۷۶	دوم پاس
۸۸	نصیر احمد "	۲۰۶	۷۳	۷۵	۱۴۸	"

نمبر شمار	نام	رول نمبر	قرآن	کلام	کل نمبر	کیفیت
۸۹	فیروز احمد طارق (ملتان)	۲۱۱	۷۲	۸۵	۱۵۷	پاس
۹۰	مقصود ایاز (شیخوپورہ)	۲۱۲	۶۶	۷۶	۱۴۲	"
۹۱	مبارک احمد چیمہ چک ۸ شمالی	۲۱۳	۸۶	۸۰	۱۶۶	"
۹۲	مسعود احمد چیمہ "	۲۱۴	۴۵	۴۱	۸۶	"
۹۳	محمد افضل چیمہ (ڈیورپور)	۲۲۲	۷۸	۷۴	۱۵۲	"
۹۴	سلیم احمد (احمد نگر)	۲۲۳	۵۸	۴۹	۱۰۷	"
۹۵	طاہر احمد ظفر "	۲۲۴	۸۰	۶۳	۱۴۳	"
۹۶	عبدالرزاق منہاس (کراچی)	۲۲۵	۴۴	۷۶	۱۲۰	"
۹۷	شعیب احمد ہاشمی "	۲۲۷	۷۵	۶۹	۱۴۴	"
۹۸	سید ارشد حسین "	۲۳۱	۴۰	۵۳	۹۳	"
۹۹	سید بشارت احمد بلال	۲۳۲	۶۸	۶۸	۱۳۶	"
۱۰۰	غلام محمود بدر "	۲۳۵	۴۸	۳۹	۸۷	"
۱۰۱	شہباز رسول "	۲۴۰	۵۰	۳۸	۸۸	"
۱۰۲	ناصر احمد "	۲۴۱	۴۰	۲۲	۶۶	قرآن میں پاس
۱۰۳	مرزا حمید احمد مسعود (کراچی)	۲۴۲	۵۱	۷۶	۱۲۷	پاس
